© rasailojaraid.com



وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ (بخاری ومسلم از مشکوٰۃ)

اور جھوٹی گواہی دینا ہیں۔

(۳۲) مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ

جو شخص کسی مسلمان کو کسی دنیاوی مصیبت سے چھڑا دے اللہ تعالیٰ اس کو قیامت

عَنْهُ كُرْبًا مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ - وَمَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ

کی بہت سی مصیبتوں سے چھڑا دے گا۔ اور جو شخص کسی مفلس غریب پر (معاملہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ - وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ

میں) آسانی کرے اللہ تعالیٰ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا۔ اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ - وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي

پوشی کرے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ اور جب تک بندہ اپنے مسلمان

عَوْنِ أَخِيْهِ - (الحدیث۔ مسلم از مشکوٰۃ)

بھائی کی مدد میں لگا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کی مدد میں لگا رہتا ہے۔

(۳۳) أَبْغَضُ الرِّجَالِ عِنْدَ اللّٰهِ الْأَلَدُّ الْخَصِمُ (بخاری ومسلم)

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے مبغوض جھگڑالو آدمی ہے۔

(۳۴) كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (مسلم)

ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔

(۳۵) اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ (مسلم)

پاک رہنا آدھا ایمان ہے۔

(۳۶) أَحَبُّ الْبِلَادِ إِلَى اللّٰهِ مَسَاجِدُهَا (مسلم)

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب جگہ مسجدیں ہیں۔

(۳۷) لَا تَتَّخِذُوا الْقُبُوْرَ مَسَاجِدَ (مسلم)

قبروں کو سجدہ گاہ نہ بناؤ۔

© rasailojaraid.com

